# URDU

## Paper – III

نوٹ : یہ پرچہ پچھتر **(75)** معروضی سوالات پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لئے دو **(2)** نشانات مختص ہیں۔ تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

**1.** تذکرۂ شعرائے اردو کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(A) میر حسن
(B) مصحفی
(C) میر
(D) شیفتہ

**2.** " ادب میں انفرادیت ، خارجیت اور عصریت تینوں کا میں قائل ہوں '' یہ کس کا قول ہے ؟

(A) احتشام حسین
(B) آل احمد سرور
(C) کلیم الدین احمد
(D) خواجہ احمد فاروقی

**3.** کلیم الدین احمد کی تصانیف کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) سخن ہائے گفتنی - تنقید کیا ہے - شعر شور انگیز
(B) نئے اور پرانے چراغ - اردو تنقید پر ایک نظر - اردو شاعری پر ایک نظر
(C) شعر شور انگیز - اردو تنقید پر ایک نظر - سخن ہائے گفتنی
(D) اردو شاعری پر ایک نظر - سخن ہائے گفتنی - اردو تنقید پر ایک نظر

**4.** " روایت اور بغاوت '' کس کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے ؟

(A) سید احتشام حسین
(B) آل احمد سرور
(C) خورشید الاسلام
(D) خواجہ احمد فاروقی

**5.** " دکن میں اردو '' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) محی الدین قادری زورؔ
(B) عبد القادر سروری
(C) مولوی عبد الحق
(D) نصیر الدین ہاشمی

**6.** برہان الدین جانم کی مثنوی " ارشاد نامہ '' کا سنہ تصنیف کیا ہے ؟

(A) 990 ھ
(B) 980 ھ
(C) 970 ھ
(D) 960 ھ

7. مثنوی " فتح نامہ نظام شاہ " میں کس کے مابین جنگ کا واقعہ نظم کیا گیا ہے ؟

(A) وجے نگر راجا اور بہمنی سلطان

(B) بہمنی سلطان اور مغل بادشاہ

(C) عادل شاہی سلطان اور مرہٹی راجا

(D) مرہٹی راجا اور مغل بادشاہ

8. مارکس تنقید کی ابتدا کس سنہ میں ہوئی ؟

(A) 1857

(B) 1920

(C) 1936

(D) 1967

9. درج ذیل شعر مخدوم محی الدین کی کس نظم سے ماخوذ ہے ؟

رات بھر دیدۂ نمناک میں لہراتے رہے
سانس کی طرح سے آپ آتے رہے جاتے رہے

(A) انتظار

(B) طور

(C) محبت کی چھاؤں

(D) سجدہ

10. اردو شاعری میں ایک کیٹس پیدا ہوا تھا، جسے ترقی پسند بھیڑیئے اٹھالے گئے جعفر علی خاں اثر نے یہ کس شاعر کے تعلق سے کہا تھا؟

(A) فیض (B) مجاز

(C) مخدوم (D) مجروح

11. انسان کے ضمیر کی علامت اختر الایمان کی کس نظم کا موضوع ہے ؟

(A) تنہائی (B) موت

(C) ایک لڑکا (D) مسجد

12. اقبال کی نظم " نالۂ فراق " کس کی یاد میں لکھی گئی ہے ؟

(A) ڈاکٹر نکلسن

(B) پروفیسر آرنلڈ

(C) ہیگل

(D) نطشے

13. اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے ؟

نہ گورِ سکندر ہے نہ ہے قبرِ دارا
مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

(A) تجاہلِ عارفانہ

(B) مبالغہ

(C) تلمیح

(D) حسنِ تعلیل

14. لسانیات اور اسلوبیات میں کس مصنف کو امتیاز حاصل ہے ؟

(A) خلیق احمد نظامی

(B) جمیل جالبی

(C) مسعود حسین خاں

(D) آلِ احمد سرور

**15.** تنقید میں وجودیت کا تصوّر کس نے پیش کیا؟

(A) جین پال سارتر

(B) لاکاں

(C) فوکو

(D) دریدا

**16.** ادب کے شعریات کی تلاش کس تنقید کا مقصد ہے ؟

(A) ہئیتی تنقید

(B) ساختیاتی تنقید

(C) تقابلی تنقید

(D) مارکسی تنقید

**17.** قاضی عبد الودود کے تحقیقی رسالے کا نام کیا ہے ؟

(A) قدیم اردو

(B) اردوئے معلیٰ

(C) اودھ پنچ

(D) معاصر

**18.** 'سخندانِ فارس' کس کا تحقیقی کارنامہ ہے ؟

(A) مولانا محمد حسین آزاد

(B) مولانا شبلی نعمانی

(C) مولانا الطاف حسین حالی

(D) سر سید احمد خاں

**19.** سودؔا پر پہلی بار باضابطہ تحقیق کس نے کی؟

(A) سید عبد اللہ

(B) ڈاکٹر زورؔ

(C) شیخ چاند

(D) اختر حسین رائے پوری

**20.** ترقی پسند نوجوان شعراء کا کلام کس اخبار کے ذریعے منظر عام پر آیا؟

(A) ہمدرد

(B) الہلال

(C) زمیندار

(D) ہندوستان

**21.** علامہ اقبالؔ نے معاشیات کے موضوع پر کونسی کتاب لکھی ہے ؟

(A) علم الاقتصاد

(B) باقیاتِ اقبال

(C) مقالاتِ اقبال

(D) خطباتِ اقبال

**22.** انجمن حمایت اسلام کے کس جلسے میں اقبالؔ نے اپنی کونسی نظم پڑھی تھی ؟

(A) خضر راہ

(B) نالۂ یتیم

(C) طلوعِ اسلام

(D) ہمالہ

23. درست جوڑ کی نشان دہی کیجئے۔

(A) گیان چند جین – مبادیاتِ تحقیق

(B) عبد الرزاق قریشی – تحقیق کا فن

(C) ڈاکٹر ظفر الاسلام خاں – عملِ تحقیق

(D) ڈاکٹر قاضی عبد القادر – تصنیف اور تحقیق کے اُصول

24. اِن میں سے کونسی کتاب رشید احمد صدیقی کی نہیں ہے ؟

(A) ہم نفسانِ رفتہ

(B) آشفتہ بیانی میری

(C) دلی کا ایک یادگار مشاعرہ

(D) شیخ نیازی

25. پطرس بخاری کہاں اور کس سنہ میں پیدا ہوئے ؟

(A) 1895 پنجاب

(B) 1898 پشاور

(C) 1899 دلّی

(D) 1930 الہ آباد

26. " نوکِ نشتر " کس کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے ؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) پطرس بخاری

(C) مجتبیٰ حسین

(D) کنہیا لال کپور

27. اِن میں یوسف ناظم کا خاکہ کونسا ہے ؟

(A) باقر مہدی

(B) محمد علی جوہر

(C) مرید پور کا پیر

(D) غالب جدید شعرا کی محفل میں

28. " بانگِ درا " کی آخری نظم کونسی ہے ؟

(A) سید کی لوحِ تربت

(B) خضرِ راہ

(C) طلوعِ اسلام

(D) خطاب بہ نوجوانانِ اسلام

29. اقبال کی نظم " ایک پہاڑ اور گلہری " کس شاعر کی نظم سے ماخوذ ہے ؟

(A) ٹامس آرنلڈ

(B) ایمرسن

(C) نکلسن

(D) سارلی

30. کس انگریزی شاعر نے اقبال کی مشہور نظم " اسرارِ خودی " کا انگریزی ترجمہ کر کے یورپ اور امریکہ کو روشناس کرایا تھا؟

(A) براؤن

(B) نکلسن

(C) گوئٹے

(D) نطشے

31. نظم " الارض للہ" اقبال کے کس مجموعے میں شامل ہے ؟

(A) بانگِ درا

(B) ارمغانِ مجاز

(C) ضرب کلیم

(D) بالِ جبرئیل

32. ان میں سے کون صرف محقق کی حیثیت سے مشہور ہیں ؟

(A) گوپی چند نارنگ

(B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) قاضی عبد الودود

(D) کلیم الدین احمد

33. خانہ پُری کیجئے۔

مجھے سہل ہوگئیں منزلیں ، وہ ہوا کے رخ بھی بدل گئے

ترا ہاتھ ہاتھ میں آگیا کے چراغ ________

راہ میں جل گئے۔

(A) پانی میں

(B) راہ میں

(C) بارہا

(D) رات میں

34. فیض احمد فیض کے دورِ اسیری کے شعری مجموعے کونسے ہیں ؟

(A) نقش فریادی ، زنداں نامہ

(B) دستِ صبا ، زنداں نامہ

(C) دست تہہ سنگ ، زنداں نامہ

(D) غبارِ ایّام ، زنداں نامہ

35. کرشن چندر کا کونسا افسانہ پلاٹ کی باقاعدگی سے آزاد ہے ؟

(A) دو فرلانگ لمبی سڑک

(B) دل کا چراغ

(C) جنت اور جہنم

(D) مہالکشمی کا پل

36. ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل دی گئی ہے۔ اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

دعویٰ : اردو میں تنقید معشوق کی کمر کی طرح موہوم ہے

دلیل : اردو میں کوئی بڑا ناقد نہیں پیدا ہوا

(A) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

(B) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(C) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے

(D) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

37. دکنی کے کونسے شاعر کا کلام ریختہ کی بجائے ریختی میں ہے ؟

(A) ہاشمی بیجاپوری

(B) نصرتی

(C) شاہ ملک

(D) وجہی

38. دکنی کے کس شاعر نے اردو کے علاوہ تلنگی زبان میں شعر کہے ہیں ؟

(A) محمد قطب شاہ

(B) عبد اللہ قطب شاہ

(C) حسن شوقی

(D) محمد قلی قطب شاہ

**39.** ''آسمان تیری لحد پر شبنم افشانی کرے'' اقبال نے یہ دعائیہ مدع کس ہستی کے لئے کہا ہے ؟

(A) غالب

(B) حالی

(C) رومی

(D) ماں

**40.** '' تو تلوّن آشنا میں بھی تلوّن آشنا '' '' تو تلوّن آشنا '' سے اقبال کا اشارہ کس کی طرف ہے ؟

(A) قلندر

(B) طفلِ شیر خوار

(C) ہندی مسلمان

(D) مرد فرنگ

**41.** کلیاتِ اقبال کے (صدی ایڈیشن) کا اعتذار کس نے لکھا ؟

(A) جاوید اقبال

(B) آل احمد سرور

(C) رشید احمد صدیقی

(D) مسعود حسین خان

**42.** درجِ ذیل شعر علمِ بیان کے کس جزو سے تعلق رکھتا ہے ؟

پلا ساتیا ساغر بے نظیر

پھنسی دام ہجراں میں بدرِ منیر

(A) تشبیہ

(B) استعارہ

(C) مجازِ مرسل

(D) کنایہ

**43.** ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل دی گئی ہے۔ اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشان دہی کریں۔

دعویٰ : ولی اردو شاعری کا باوا آدم ہے۔

دلیل : اُس نے اردو غزل کو جدید اسلوبِ اظہار دیا۔

(A) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے

(B) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(C) دلیل صحیح ہے مگر دعویٰ غلط ہے

(D) دعوی بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

**44.** اختر الایمان کی نظم '' مسجد '' میں مسجد کس کی علامت ہے ؟

(A) فن تعمیر کی

(B) جہانِ فانی کی

(C) مذہب کی زبوں حالی کی

(D) قیامت کی

**45.** کس دور کی شاعری نے مقررہ نظریوں ، خانوں ، فارمولوں اور نعروں سے اپنا دامن چھڑایا ؟

(A) کلاسیکی شاعری

(B) جدید شاعری

(C) ترقی پسند شاعری

(D) جدید تر شاعری

**46.** غلط جوڑ کی نشان دہی کیجئے۔

(A) افسانہ ـــــــ زندگی کا کوئی ایک پہلو

(B) ناول ـــــــ پوری زندگی کا عکاسی

(C) ڈراما ـــــــ تصادم

(D) انشائیہ ـــــــ وحدتِ تاثر

47. پسِ ساختیات کا پیش رو کون ہے ؟

(A) سوسیر (B) چومسکی

(C) دریدا (D) رولان بارتھ

48. محمود شیرانی کا تحقیقی کارنامہ کونسا ہے ؟

(A) شعر العجم

(B) موازنۂ انیس و دبیر

(C) یادگارِ غالب

(D) پرتھو راج راسو

49. قدیم اردو پر تحقیقی کام سب سے پہلے کس نے کیا تھا ؟

(A) مانک رام

(B) کالی داس گپتا رضا

(C) گارساں دتاسی

(D) گیان چند جین

50. " داستان تاریخ اردو " کس نے لکھی ہے ؟

(A) حامد حسن قادری

(B) اعجاز حسین

(C) رام بابو سکسینہ

(D) نور الحسن نقوی

51. غلط جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

(A) نظیر اکبر آبادی _____ ترقی پسند شاعر

(B) اسماعیل میرٹھی _____ بچوں کے شاعر

(C) اکبر الہ آبادی _____ طنز و مزاح کے شاعر

(D) چکبست _____ حب الوطنی کے شاعر

52. صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

(A) عصمت چغتائی _____ لحاف

(B) منٹو _____ کالو بھنگی

(C) کرشن چندر _____ نجات

(D) پریم چند _____ کالی شلوار

53. ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل دی گئی ہے۔
اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشان دہی کریں۔

دعویٰ : تجریدی اور علامتی افسانے میں کوئی فرق نہیں ہے

دلیل : دونوں میں کہانی نہیں ہوتی

(A) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے

(B) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(C) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

(D) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

54. ایہام کا مطلب ہے، کلام میں ایک ایسا لفظ لانا جس کے دو معنے نکلتے ہوں درجِ ذیل شعر میں وہ کونسا لفظ ہے جس کے دو معنی مراد لیے جا سکتے ہیں ؟

مے کش کو ہوس ایاغ کی ہے
پروانے کو لو چراغ کی ہے

(A) مے کش

(B) پروانہ

(C) ایاغ

(D) لو

55. سر سید احمد خاں نے جب انگلستان کا سفر اختیار کیا تھا، تب وہ ہندوستان کے کس شہر میں مقیم تھے ؟

(A) دہلی (B) بجنور

(C) بنارس (D) علی گڑھ

56. غلط جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

(A) فعولن فعولن فعولن فعولن — بحرِ مشعارب

(B) فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن — بحرِ رمل

(C) فاعلن فاعلن فاعلن فاعلن — بحرِ متدارک

(D) متفاعلن متفاعلن متفاعلن متفاعلن — بحر وافر

57. ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل دی گئی ہے۔ اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

دعویٰ : اردو کھڑی بولی سے نکلی ہے

دلیل : اردو کسی بھی عہد میں او صوت والی بولی نہیں رہی

(A) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(B) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے

(C) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

(D) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

58. درست جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

(A) اختر الایمان ـــــ وضاحت و قطعیت

(B) فیض احمد فیض ـــــ علامت نگاری

(C) ناصر کاظمی ـــــ پیکر تراشی

(D) علی سردار جعفری ـــــ غمِ جاناں و غمِ دوراں کا امتزاج

59. '' فلسفہ ہمارے دائیں ہاتھ میں ہوگا، نیچرل سائنس بائیں ہاتھ میں اور لا اِلٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا تاج سر پر'' ـ یہ اردو کے کس ادیب کا قول ہے ؟

(A) مولانا ابو الکلام آزاد

(B) مولانا محمد علی جوہر

(C) مولانا شبلی نعمانی

(D) سر سید احمد خاں

60. یہ بیان اردو کے کس ادیب کا ہے ؟

'' جہاں تک ہم سے ہو سکا ہم نے اردو زبان کے علم و ادب کی ترقی میں اپنے ناچیز پرچوں کے ذریعے کوشش کی۔''

(A) مولانا الطاف حسین حالی

(B) مولانا شبلی نعمانی

(C) مولانا محمد حسین آزاد

(D) سر سید احمد خاں

61. درست جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔

(A) ن۔ م۔ راشد ـــــ نئی دنیا کو سلام

(B) اختر الایمان ـــــ تبدیلی

(C) میرا جی ـــــ خودکشی

(D) علی سردار جعفری ـــــ لب جوئے بار

62. ''سر سید اور ان کے نام ور رفقا'' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) آل احمد سرور

(B) ڈاکٹر عبادت بریلوی

(C) ڈاکٹر سید عبد اللہ

(D) مجنوں گورکھپوری

63. دکنی کے کس شاعر نے یہ دعویٰ کیا ہے ؟

عرفی و انوری و خاقانی

مجھ کو دیتے ہیں سب حسابِ سخن

(A) سراج اورنگ آبادی

(B) ولی

(C) بحری

(D) امین

64. ''نئے اور پرانے چراغ'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے ؟

(A) سجاد ظہیر

(B) آلِ احمد سرور

(C) ڈاکٹر عبد العلیم

(D) اختر انصاری

65. اردو کے کس شاعر نے حالتِ جنون میں صحرا نوردی اختیار کی تھی ؟

(A) سراج اورنگ آبادی

(B) ولی

(C) شاہ حاتم

(D) مظہر جانِ جاناں

66. ردِ تشکیل کی بنیاد کس نے رکھی تھی ؟

(A) ژاک دریدا

(B) جولیا کرسٹیوا

(C) چومسکی

(D) لاکاں

67. شمس الرحمن فاروقی کے رسالے ''شب خون'' سے کس تحریک کو فروغ ملا ؟

(A) ادب اسلام کی تحریک

(B) ترقی پسند تحریک

(C) جدیدیت

(D) رومانی تحریک

68. ''شعر العجم'' کا موضوع کیا ہے ؟

(A) اردو شاعری

(B) فارسی شاعری

(C) عربی شاعری

(D) ترکی شاعری

69. تذکرہ ''نکات الشعراء'' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) میر تقی میر

(B) شیفتہ

(C) مصحفی

(D) مرزا لطف علی

**70.** شعر الہند کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(A) حالی

(B) شبلی

(C) سید سلیمان ندوی

(D) عبد السلام ندوی

**71.** ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل دی گئ ہے۔ اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشان دہی کریں۔

دعویٰ : ترقی پسند تحریک نے اردو شعر و ادب کو ایک نئ سوچ دی

دلیل : اس تحریک نے رجعت پرستی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی

(A) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے

(B) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(C) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

(D) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

**72.** ذیل میں ایک دعوی اور اس کی دلیل دی گئ ہے۔ اسے غور سے پڑھیں اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ : عہدِ غالبؔ میں ذوقؔ کو غالبؔ سے بڑا شاعر تسلیم کیا جاتا تھا۔

دلیل : ذوقؔ نے کثرت سے غزلیں کہی ہیں۔

(A) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(B) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(C) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے

(D) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

**73.** سر سید احمد خاں نے اپنی تصنیف "آثار الصنادید" کس سنہ میں تحریر کی تھی ؟

(A) 1847

(B) 1848

(C) 1840

(D) 1830

**74.** اس شعر میں شہود ، شاہد ، مشہود اور مشاہدہ ایک ہی اصل کے الفاظ ہیں اور معنی میں موافقت رکھتے ہیں ؟

اصلِ شہود و شاہد و مشہود ایک ہے

حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں

یہ کس طرح کی صنعت ہے ؟

(A) صنعتِ طباق

(B) صنعتِ تضاد

(C) صنعتِ اشتقاق

(D) صنعتِ تجاہل عارفانہ

**75.** درست جوڑ کی نشان دہی کیجئے۔

(A) کلیم الدین احمد ___ اردو تنقید پر ایک نظر

(B) آلِ احمد سرور ___ ساختیات اور پسِ ساختیات

(C) گوپی چند نارنگ ___ تنقید کیا ہے

(D) احتشام حسین ___ اردو شاعری پر ایک نظر

Space for Rough Work

# KSET -2014
# KEY - Paper - III

**Subject: URDU** **Code: 22**

| Q.No | Ans | Q.No | Ans | Q.No | Ans |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | A | 26 | D | 51 | A |
| 2 | B | 27 | A | 52 | A |
| 3 | D | 28 | C | 53 | D |
| 4 | A | 29 | B | 54 | D |
| 5 | D | 30 | B | 55 | C |
| 6 | A | 31 | D | 56 | D |
| 7 | A | 32 | C | 57 | A |
| 8 | C | 33 | B | 58 | C |
| 9 | A | 34 | C | 59 | D |
| 10 | B | 35 | A | 60 | D |
| 11 | C | 36 | B | 61 | B |
| 12 | B | 37 | A | 62 | C |
| 13 | C | 38 | D | 63 | B |
| 14 | C | 39 | D | 64 | B |
| 15 | A | 40 | B | 65 | A |
| 16 | B | 41 | A | 66 | A |
| 17 | D | 42 | C | 67 | C |
| 18 | A | 43 | B | 68 | B |
| 19 | C | 44 | C | 69 | A |
| 20 | D | 45 | D | 70 | D |
| 21 | A | 46 | D | 71 | B |
| 22 | B | 47 | D | 72 | C |
| 23 | D | 48 | D | 73 | A |
| 24 | C | 49 | C | 74 | C |
| 25 | B | 50 | A | 75 | A |